| **افراط زر** | مہنگائی نے جدوجہد کرنے والے محنت کش خاندانوں کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ ہمیں اجرت بڑھانے کے لیے لڑنا چاہیے تاکہ خاندان اپنی میزوں پر کھانا رکھ سکیں اور اپنے سروں پر چھت رکھ سکیں۔ اسی لیے میں کنگز برج آرمری کی دوبارہ ترقی جیسے تبدیلی لانے والے، ملازمت تخلیق کرنے والے پروجیکٹس کے لیے لڑ رہی ہوں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہمارے معاشرے کی بنیاد ایک کھلی اور منصفانہ جمہوریت ہے۔ ہمیں یہ یقینی بنانا چاہئیے کہ نیویارک کا ہر شہری ہماری جمہوریت میں حصہ لے اور اپنے پڑوسیوں کے ووٹنگ کے حقوق کو سلب کرنے کی کسی بھی کوشش کے خلاف لڑے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

# امیدواروں کا تقابل کریں

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/compare**

# سٹی کونسل ضلع 15

### ڈیموکریٹک

- اوسولڈ فیلز (Oswald Feliz)*

### ریپبلکن

- ایریکا ایلیاس (Erica Elias)*

### کنزرویٹو

- جوز اے پیڈیلا جونیئر (Jose A Padilla J)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 45 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

*اس پرنٹ شدہ ووٹر گائیڈ میں شامل کرنے کے لیے امیدوار نے وقت پر اپنی مکمل شدہ پروفائل جمع نہیں کرائی۔

---



## جوز اے پیڈیلا جونیئر (Jose A Padilla J)

کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. استحکام
2. جرم/عوام کی حفاظت
3. اقتصادی ترقی

***"برانکس کا ایک کامیاب بیٹا، جو طویل مدت سے ایک فائیٹر، سرگرم کارکن اور ہمارے کچھ سب سے بڑے مقاصد، مسائل اور کیسز میں شامل وکیل رہا ہے، جو ہمارے ضلع کے رہائشیوں اور مجموعی طور پر برانکس کے رہائشیوں کو متاثر کرتے ہیں، تاکہ نہ صرف دوسروں کی زندگیاں بہتر بنائی جا سکیں، بلکہ انصاف حاصل کیا جا سکے۔ میں نے احترام کے ساتھ ایک منتخب ضلع رہنماء، کمیونٹی بورڈ رکن، عوام کی حفاظت کمیشن کے چیئر مین اور اولڈ ایریا پالیسی بورڈ میں غرباء کے نمائندے کے طور پر ہمارے ضلعے کی خدمت کی ہے۔***

***اب میں سٹی ہال جانے کے لیے آپ کا ووٹ مانگ رہا ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** ریٹائر شدہ

**سابقہ پیشے:** کمپلائنس/انویسٹیگیشنز ایجنٹ؛ قانون نافذ کرنے والا افسر؛ لیبر سٹینڈرڈز کے تحقیق کار

**تعلیم:** B.S. پولیٹیکل سائنس؛ پیشہ ورانہ عہدہ ریڈیو اور ٹیلیویژن براڈکاسٹ اناؤنسر

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** سابقہ منتخب شدہ مرد ڈیموکریٹک ضلع رہنماء

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | اوسولڈ فیلز (Oswald Feliz)* ✓<br>ڈیموکریٹک | ایریکا ایلیاس (Erica Elias)*<br>ریپبلکن |
|---|---|---|
| **جرائم** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **افراط زر** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

## جوز اے پیڈیلا جونیئر
## (Jose A Padilla J)

کنزرویٹو

جبکہ جرائم میں سابقہ سالوں کے مقابلے میں قتل اور شوٹنگز میں نیچے کا رجحان نظر آیا ہے، یہ ہمارے ضلع میں کئی لوگوں، خصوصًا زد پذیر بزرگ افراد، کے لیے ایک شدید خطرہ برقرار ہے۔ کونسل ضلعے کا احاطہ کرنے والے پولیس حلقے پورے شہر کی شرحوں کی نسبت جرائم کی زیادہ شرح دیکھتے ہیں۔

سود کی شرح میں حالیہ .25% اضافے، جو مارچ 2022 کے بعد 11واں اضافہ ہے، کے ساتھ 5.25 - 5.5% کے درمیان آ جانے کے بعد 22 سال کی اعلٰی ترین سطح کے ساتھ، وفاقی ریزرو مہنگائی سے لڑنا جاری ہے۔ جبکہ یہ پچھلے سال میں کم ہوئی ہے، کم معاشی بڑھوتری متوقع ہے؛ یہ قرضہ لینے والوں کے لیے اچھا اشارہ نہیں ہے

حالیہ سالوں میں، عوام کے اراکین کی رجسٹر ہونے اور جلدی ووٹ دینے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے اقدامات منظور کیے گئے ہیں۔ ساس کے باوجود، ہم ابھی بھی صرف 5 - 10% اہل ووٹرز کو انتخابات میں ووٹ ڈالتے اور ووٹ کا اپنا حق استعمال کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔

# امیدوار کی دیکھیں ویڈیوز

**امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں! اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز پر جائیں۔**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/candidates**

# سٹی کونسل ضلع 16

**ڈیموکریٹک**

- ایلتھیا وی سٹیونز (Althea V Stevens)

**ریپبلکن**

- تانیہ کارمائیکل (Tanya Carmichael)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ **صفحہ 45** پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## ایلتھیا وی سٹیونز (Althea V Stevens)

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. رہائش بطور انسانی اسحقاق
2. افرادی قوت کے مواقع کو وسعت دینا
3. صحت مند کمیونٹیز

***میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے انتخاب لڑ رہی ہوں کہ ہماری کمیونٹی کے پاس وہ وسائل اور خدمات ہوں، جو اسے خوشحال رہنے کے لیے درکار ہیں - قابل استطاعت رہائش، بحرانوں سے نمٹنے اور نوجوانوں کے پروگراموں کے لیے فنڈنگ، زندگی گزارنے کے قابل معاوضے والی نوکریاں اور صحت مند غذا۔ میں اپنی کمیونٹی کی ضروریات سننے اور اپنے مسائل کو سٹی ہال میں لے جانے کے لیے پرعزم ہوں۔ میں برانکس میں اتحاد اور طاقت بنانے کے لیےوقف ہوں؛ آئیں اپنی آوازوں اور اپنے ووٹس کو استعمال کر کے وہ برانکس مانگیں، جس کا ہم حق رکھتے ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر برائے ضلع 16

**سابقہ پیشہ:** یوتھ ڈیولپر

**تعلیم:** لانگ آئیلینڈ یونیورسٹی، پولیٹیکل سائنس میں بیچلرز آف آرٹ؛ ہنٹر کالج، اربن افیئرز میں ماسٹرز CUNY

**تنظیمی وابستگیاں:** ریزیڈنٹس ٹو پریزرو پبلک رہائش، گینگ پولیسنگ کولیشن، نیبر ہڈ ایڈوائزری کمیٹی

**سابقہ عوامی تجربہ:** موجودہ سٹی کونسل ممبر

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## تانیہ کارمائیکل (Tanya Carmichael)

ریپبلکن

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. تعلیم
2. تمام افراد کے لیے قابل رسائی
3. جرائم

***"اگر میں منتخب ہوں، تو میری اولین ترجیحات جرائم سے نمٹنا، مہنگائی کو حل کرنا اور تمام افراد کے لیے ویل چیئر کے ذریعے رسائی کو یقینی بنانا ہوں گی۔ ہماری کمیونٹی میں جرائم کی شرح بڑھ رہی ہے اور یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم اپنے رہائشیوں کے لیے ایک محفوظ تر جگہ بنانے کے کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں۔ اپنی کمیونٹی کی سلامتی اور بہبود کو ترجیح دے کر ہم ایک خوشحال ماحول بنا سکتے ہیں، جہاں ہر شخص محفوظ محسوس کرے۔ میری دوسری ترجیح مہنگائی کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے وقف ہو گی، جو ہمارے رہائشیوں کے لیے زندگی کے اخراجات کو متاثر کرتی ہے۔ میں اپنی کمیونٹی میں ویل چیئرز کے ذریعے رسائی کی اہمیت میں مضبوطی سے یقین رکھتی ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** انتخابات بورڈ

**سابقہ پیشہ:** گھریلو خدمتگار

**تعلیم:** بزنس ایڈمنسٹریشن میں بیچلرز ڈگری

**تنظیمی وابستگیاں:** ٹیننٹس ایسوسیئیشن

**سابقہ عوامی تجربہ:** 77ویں اسمبلی ضلع کی مشترکہ رہنماء

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن


# NYC Votes
# کو فالو کریں

آپ تمام تازہ ترین انتخابی اپ ڈیٹس کے لیے
**NYC Votes** کو فالو کر سکتے ہیں!

**@nycvotes**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: **یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں**۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | ایلتھیا وی سٹیونز (Althea V Stevens)<br>ڈیموکریٹک | تانیہ کارمائیکل (Tanya Carmichael)<br>ریپبلکن |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہمیں طاقت کو اپنی کمیونٹیوں کے ہاتھوں میں واپس ڈالنا ہو گا، کیونکہ ہم سب سے بہتر یہ جانتے ہیں کہ ہمیں کس چیز کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کے سلسلے میں، میں نے انٹرو 2002-436 پاس کیا ہے، متاثرہ نوجوانوں اور خاندانوں کو ایک میز پر لانے کے لیے جووینائل ڈیٹینشن ایڈوائزری بورڈ قائم کیا ہے۔ | اگر میں کونسل رکن کے طور پر منتخب ہو جاؤں، تو ہماری کمیونٹی میں جرائم سے نمٹنا میری اولین ترجیحات میں سے ایک ہو گا۔ میں مضبوطی سے یقین رکھتی ہوں کہ ہر رہائشی اپنے علاقے میں محفوظ اور سلامت محسوس کرنے کا حق رکھتا ہے۔ |
| **افراط زر** | ہم اپنی تمام زندگیوں پر مہنگائی کے اثر کا انکار نہیں کر سکتے، مگر ایک مرتبہ پھر، یہ پہلے سے کمزور کمیونٹیوں کو سب سے زیادہ متاثر کر رہی ہے۔ سب سے زیادہ ضرورت مند افراد کی مدد کرنے کے لیے سپورٹ سروسز میں سرمایہ کاری کو ترجیح دیتے ہوئے، ہمیں لازماً یقینی بنانا چاہئیے کہ مالیاتی مشکلات کے پہاڑ کو روکنے کے لیے آگے کا پلان بنا لیں۔ | دفتر کے لیے انتخاب لڑنے والی ایک کونسل ممبر کے طور پر، میں مہنگائی کے شدید مسئلے اور ہماری کمیونٹی پر رہنے کی قیمت پر اس کے خرچ پر اثر کو سمجھتی ہوں۔ اگر میں منتخب ہوئی، تو میں ایسی حکمت عملیاں نافذ کرنے کے لیے پرعزم ہوں، جو مہنگائی کو حل کرتی ہوں اور ہمارے رہائشیوں کے لیے معاشی استحکام کو یقینی بنائیں۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہمارے نوجوان لوگ ہماری جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ ہمیں لازماً یہ یقینی بنانا چاہئیے کہ اسکول میں ہمارے تمام نوجوانوں کو شہری تعلیم کی قابل فہم تدریس موصول ہوتی ہے اور ہمارے شہر کے افعال کار میں ان کی بات سنے جانے کے مواقع ملتے ہیں۔ | ہماری جمہوریت کا تحفظ ایک عادلانہ اور منصفانہ معاشرہ بنانے میں اہم ترین حیثیت رکھتا ہے۔ دفتر کے لیے انتخاب لڑنے والی ایک کونسل ممبر کے طور پر، میں ایسے اصولوں، جو ہمارے جمہوری نظام کی بنیاد ہیں، کو برقرار رکھنے اور دیانت داری کی حفاظت کے لیے حکمت عملیوں کو نافذ کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔ |

# الیکشن کے الرٹس حاصل کریں

بذریعہ ٹیکسٹ یا ای میل انتخاب الرٹس کے لیے سائن اپ کریں! اہم حتمی تاریخوں اور ووٹ کب دینا ہے، کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**nycvotes.org/stay-informed**

# سٹی کونسل ضلع 17

**ڈیموکریٹک**

- رافعیل سلمانکا جونیئر (Rafael Salamanca Jr)

**ریپبلکن**

- روزالین نائیوز (Rosaline Nieves)*

**کنزرویٹو**

- گونزیلو ڈوران (Gonzalo Duran) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 45 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

*اس پرنٹ شدہ ووٹر گائیڈ میں شامل کرنے کے لیے امیدوار نے وقت پر اپنی مکمل شدہ پروفائل جمع نہیں کرائی۔

---



## رافعیل سلمانکا جونیئر (Rafael Salamanca Jr)

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. قابل استطاعت رہائش
2. عوام کی حفاظت
3. معیاری ملازمتوں/ تعلیم تک رسائی

***"2016 میں منتخب ہونے کے بعد سے، میں نے برونکسائٹس کے لیے صحیح معنوں میں سستی رہائشوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لیے سخت جدوجہد کی ہے اور مجھے یہ کہتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ میں نے نئی تعمیر اور تحفظ کے ذریعے سستی رہائشوں کے 8,000 نئے یونٹس کی منظوری دی ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر، 17ویں ضلع (برونکس)

**سابقہ پیشے:** ضلع منیجر، برونکس کمیونٹی بورڈ 2؛ کمیونٹی نگہداشت صحت نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر

**تعلیم:** منرو کالج، ایسوسی ایٹس ڈگری

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ضلع منیجر، برونکس کمیونٹی بورڈ 2؛ صدر، 41ویں پریسنکٹ کمیونٹی کونسل

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## گونزیلو ڈوران (Gonzalo Duran) ✓

کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. منتخب عہدیداران تک رسائی
2. نوجوان: روزگار، تفریح اور وسائل
3. کمیونٹی وسائل تک رسائی پذیری

***"برونکس میں پیدا ہوئے اور پلے بڑھے۔ میں سابق امریکی میرین سارجنٹ ہوں، میں نے عراق جنگ میں حصہ لیا تھا اور فی الحال، مختلف پہلوؤں میں کمیونٹی کی مدد کرنے والی ایک غیر منافع بخش تنظیم کا CEO ہوں۔ ہمیں سٹی کونسل میں نئے خون کی اور اپنی کمیونٹیز کی بحالی ابھی شروع کرنے کی ضرورت ہے، بعد میں نہیں۔ میری اشتہاری مہم کمیونٹی فنڈڈ ہے اور تمام رضاکاروں پر مشتمل ہے۔ میں اپنے دفتر کو وسائل کا مرکز بنانے، کمیونٹی کے لیے اپنے آپ کو مزید قابل رسائی بنانے اور اس کو درپیش بہت سے مسائل کا براہ راست مقابلہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ میرے سرفہرست مسائل جرائم میں کمی اور روزگار، تعلیم، رہائش اور نوجوانوں کے لیے وسائل میں اضافہ کر کے نقل مکانی کے مسائل کو کم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے حلقوں کی ضروریات کو پورا کرنا۔"***

**موجودہ پیشہ:** انکارپوریٹڈ CEO ڈیول ڈاگ CEO

**سابقہ پیشہ:** US میرین سارجنٹ

**تعلیم:** ہیلتھ سائنس فورڈہیم یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** برانکس 79ویں ضلع کا رہنماء

**پارٹی میں اندراج:** کنزرویٹو

# اپنے بیلٹ کی منصوبہ بندی کریں

**اپنے امیدواروں کا انتخاب مکمل کر لیا ہے؟ اپنی پول سائٹ پر ساتھ لے جانے کے لیے اپنے انتخاب کو محفوظ کریں!**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/plan-your-ballot**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | رافعیل سلمانکا جونیئر **(Rafael Salamanca Jr)**<br>ڈیموکریٹک | روزالین نائیوز **(Rosaline Nieves)***<br>ریپبلکن |
|---|---|---|
| **جرائم** | عوام کی حفاظت ایک بنیادی حق ہے جو نیویارک کے تمام شہریوں کو حاصل ہونا چاہیے اور یہ ان مسائل میں سب سے زیادہ ہے جو میرے رائے دہندگان روزانہ کی بنیاد پر مجھے بتاتے ہیں۔ اپنے رائے دہندگان کی باتوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے، میں ہماری کمیونٹی کو متاثر کرنے والے بندوق کا تشدد یا غیر قانونی ہتھیاروں سے تشدد کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے وسائل مختص کر رہا ہوں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **افراط زر** | مہنگائی ایک ایسا مسئلہ ہے جسے ہم اپنی زندگی کے ہر پہلو میں محسوس کرتے ہیں، چاہے وہ سپر مارکیٹ میں گروسری خریدنا ہو یا ہمارے گیس ٹینکوں کو بھرنا ہو۔ ایک ایسی کمیونٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے جو ایک محدود مقررہ آمدنی پر زندگی گزار رہی ہے، یہ از حد ضروری ہے کہ ہم اخراجات کو کم کی سطح رکھیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ کسی کو نظر انداز نہیں کیا جاتا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہماری قوم میں بڑھتی ہوئی سیاسی تقسیم ان اصولوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے جن پر ہمارا ملک قائم ہوا تھا۔ اگرچہ حکومت رائے میں اختلاف کی اجازت دیتی ہے، لیکن نہایت اہم ہے کہ ہم جمہوریت کے ادارے کو بچانے کے لیے تہذیب و تمدن اور احترام کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

## گونزیلو ڈوران
## (Gonzalo Duran) ✓

کنزرویٹو

بہت سے اضلاع میں ہونے والے جرائم کا ایک بڑا حصہ نوجوان بالغوں کے پاس کرنے کے لیے کچھ موجود نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔ میرا مقصد انہیں کچھ نہ کچھ کام کرنے دینا ہے جیسا کہ روزگار میں اضافہ، وسائل تک رسائی اور تفریحی سرگرمیاں۔

ہم جانتے ہیں کہ مہنگائی کی لہر آنے والی ہے۔ ہمارا مقصد اس کے ساتھ نمٹنا ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ فضول خرچی کو روکا جائے اور اپنے رہائشیوں کو یہ تعلیم دیں کہ جہاں بھی ہم کر سکتے ہیں اسے کیسے مستحکم کریں۔

ہماری کمیونٹی میں جمہوریت کے ساتھ سب سے بڑا مسئلہ ہمارے منتخب عہدیداران کی شفافیت اور ہمارے درمیان ان کی موجودگی کا فقدان ہے۔ میں اپنے دفتر کو اپنے رائے دہندگان کے لیے دوسرا گھر بنانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں تعلیم دینا اور جو وسائل میسر ہیں انہیں فراہم کرنا۔

# امیدواروں کا کریں تقابل

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/compare**

# سٹی کونسل ضلع 18

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- امینڈا فاریاس (Amanda Farias)

**ریپبلکن**

- مشیل کیسٹیلیو (Michelle Castillo)*

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ **صفحہ 45** پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

*اس پرنٹ شدہ ووٹر گائیڈ میں شامل کرنے کے لیے امیدوار نے وقت پر اپنی مکمل شدہ پروفائل جمع نہیں کرائی۔

---



## امینڈا فاریاس (Amanda Farias)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. رہائش سہولیات میں پیشرفت، استطاعت اور جدت کاری۔
2. NYC سماجی سروسز کے لیے جوابدہی۔
3. روزگار کے زیادہ مواقع پیدا کرنا۔

***"پچھلے سال کے دوران، میں اسی کمیونٹی میں سرمایہ کاری کرتی آ رہی ہوں، جس میں میں نے اپنی تمام زندگی گزاری ہے۔ میں معیاری نوکریوں اور منصفانہ نوکری، قابل استطاعت رہائش جس کا ہم رکھتے ہیں، مکمل طور پر فنڈ یافتہ عوامی اسکولوں اور اپنے خاندانوں اور چھوٹے کاروباروں کے لیے معاشی امداد کے لیے لڑ رہی ہوں۔ اسی لیے میں سٹی کونسل کے لیے انتخابات میں دوبارہ حصہ لے رہی ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** نیویارک سٹی کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** اسسٹنٹ ڈائریکٹر، کنسورشیم فار ورکر ایجوکیشن

**تعلیم:** سینٹ جانز یونیورسٹی، پولیٹیکل سائنس میں ماسٹرز ڈگری

**تنظیمی وابستگیاں:** سابقہ صدر اور مشترکہ بانی، وِمن آف کلر فار پراگریس ممبر، NAACP - پارک چیسٹر برانچ بورڈ آف ڈائریکٹرز، رڈلرز الائسنس ڈیوز-ٹیمسٹرز جوائنٹ کونسل 16، لوکل 210 کی ادائیگی کرنے والی رکن

**سابقہ عوامی تجربہ:** 87ویں اسمبلی ضلع کی سٹیٹ کمیٹی وومن

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | امینڈا فاریاس (Amanda Farias) ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | مشیل کیسٹیلیو (Michelle Castillo)*<br>ریپبلکن |
|---|---|---|
| **جرائم** | حفاظت ایک کثیر العناصر مسئلہ ہے، جس کے لیے ایک کثیر الپہلو اور انضمام والے طریقہ کار کے ذریعے نافذ ہونے والے طویل مدتی حل کی ضرورت ہے۔ کمیونٹی پر مبنی تنظیموں میں زیادہ سرمایہ لگائیں اور NYPD کے متعدد کاموں کو دوسری ایجنسیوں میں منتقل کریں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **افراط زر** | روزمرہ کے نیویارکرز کی جائز اجرتوں اور بینیفٹس کے ساتھ کام پر واپسی کو یقینی بنانا تمام بوروز میں نظر آنے والی مہنگائی سے لڑنے کے لیے میری اولین ترجیح ہے۔ میں افرادی قوت کی ترقی کی ترجیحات پر توجہ مرکوز کر رہی ہوں اور اس بوجھ میں کمی لانے کے لیے وفاقی شراکت داروں کے ساتھ مصروف عمل ہوں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | امیدواروں کی ترقی، شہریوں اور ووٹرز کی شمولیت اور انتخابات میں اصلاحات زیادہ خواتین، نوجوان لوگوں اور کام کرنے والے گھرانوں کے لیے جمہوریت کی صحت میں شامل ہونے کے کئی طریقے فراہم کرتی ہیں۔ جمہوریت کا تحفظ ہی یہ بنانے کا واحد طریقہ ہے کہ ہم اپنی کمیونٹیز کو ترقی دے رہے ہیں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

# امیدوار کی دیکھیں ویڈیوز

امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں! اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز پر جائیں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/candidates**

# NYC Votes
# کو فالو کریں

آپ تمام تازہ ترین انتخابی اپ ڈیٹس کے لیے
NYC Votes کو فالو کر سکتے ہیں!

**@nycvotes**

# خزاں 2023 کی بیلٹ تجاویز


**بیلٹ تجاویز کیا ہیں؟**

**اس انتخاب میں تجاویز ریاستی آئین میں ترمیمات کے لیے ہیں۔ اس خزاں میں بیلٹ پر دو پوری ریاست کے لیے تجاویز موجود ہیں۔**

**آپ ان دونوں تجاویز پر "ہاں" یا "نہیں" کی صورت میں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ بیلٹ تجاویز کو اگر اکثریتی ووٹ مل جائے، تو وہ منظور ہو جاتی ہیں۔**

**یہ تجاویز بیلٹ پر کیوں ہیں؟**

نیو یارک ریاستی مقننہ نیو یارکرز کے ووٹ دینے کے لیے پوری ریاست والے بیلٹ اقدامات کی تجویز اور منظوری دیتی ہے۔



# بیلٹ تجویز 1

# آئین میں قرض پر خصوصی حد میں سے چھوٹے شہروں کے اسکول ضلعے کو نکالا جانا

## آپ بیلٹ پر کیا دیکھیں گے

آئین کے آرٹیکل 8، سیکشن 4 میں مجوزہ ترمیم چھوٹے شہروں پر اس وقت لاگو قرضے کی خصوصی آئینی حد کو ہٹاتی ہے، تاکہ ان کے ساتھ دیگر تمام اسکول ڈسٹرکٹس کی طرح کا ہی سلوک کیا جا سکے۔ کیا مجوزہ ترمیم کو منظور کیا جائے؟

## تجویز کا خلاصہ:

یہ آئینی ترمیم چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس پر آئینی حد کو ختم کرتی ہے۔ قرضے کی حدود ریاستی قانون میں تمام اسکول ڈسٹرکٹس کے لیے قائم کی جائیں گی۔

چھوٹے شہر کا ایک اسکول ڈسٹرکٹ ایسا ہوتا ہے، جس میں ایک چھوٹے شہر کا کم از کم ایک حصہ شامل ہو۔ ایک چھوٹا شہر ایک ایسا شہر ہے، جس میں ایک لاکھ پچیس ہزار سے کم لوگ ہوں۔

ریاستی آئین اس چیز پر حد لگاتا ہے کہ ایک چھوٹے شہر کا اسکول ڈسٹرکٹ کتنا قرضہ لے سکتا ہے۔ ان کا قرضہ ڈسٹرکٹ میں قابل محصول ریئل اسٹیٹ کی قدر کے پانچ فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ مخصوص اخراجات کے لیے کوئی استثناء نہیں ہیں۔ دیگر اسکول ڈسٹرکٹس پر قرض کی آئینی حد کا اطلاق نہیں ہوتا، مگر ان پر ریاستی قانون کے تحت قرضے کی دیگر حد لاگو ہوتی ہے۔ ریاستی قانون کہتا ہے کہ ان کا قرضہ قابل محصول ریئل پراپرٹی کی قدر کے دس فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ آئینی ترمیم شدہ انکشافی بیان منظور ہو جاتی ہے، تو چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس بھی قانونی عمل کے ذریعے دیگر اسکول ڈسٹرکٹس پر لاگو قرضے کی حد کے اہل ہو جائیں گے۔

## اگر تجویز منظور ہو جاتی ہے تو:

چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس بھی قانون کے تحت دوسرے ریاستی اسکول ڈسٹرکٹس پر لاگو قرضے کی حد کے لیے اہل ہو جائیں گے۔

# بیلٹ تجویز 2

# گندے پانے کے پراجیکٹ کے قرض کی حد سے استثناء میں توسیع

## آپ بیلٹ پر کیا دیکھیں گے

آئین کے آرٹیکل 8، سیکشن 5 میں مجوزہ ترمیم کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور گاؤں کے لیے اس اختیار میں دس سال کی توسیع کرتی ہے کہ وہ گندے پانی کی سہولت گاہوں کی تعمیر کے لیے اپنی قرضے کی آئینی حدود کو ختم کر دیں۔ کیا مجوزہ ترمیم کو منظور کیا جائے؟

### تجویز کا خلاصہ:

آئین اس قرضے پر حد لگاتا ہے، جو کاؤنٹیز، شہر، قصبے اور گاؤں لے سکتے ہیں۔ قرضے کی حد میں گندے پانی کی صفائی اور تلفی کے لیے تعمیری پراجیکٹس کے لیے قرضہ شامل نہیں ہے۔ گندے پانی کے لیے قرضے کا استثناء 1 جنوری 2024 کو ختم ہو رہا ہے۔ یہ تجویز گندے پانی کے لیے قرضے کے استثناء کو مزید دس سال بڑھا کر 1 جنوری 2034 تک توسیع دے دیتی ہے۔

مجوزہ ترمیم ایسا آئین کے آرٹیکل 8 کے سیکشن 5 کو تبدیل کر کے کرتی ہے۔

### اگر تجویز منظور ہو جاتی ہے تو:

کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور گاؤں کو گندے پانی کی صفائی اور تلفی کے اخراجات کے لیے آئین کے تحت اجازت شدہ قرضے کی رقم سے استثناء مزید 10 سال کے لیے جاری رہے گا۔

# NYC Votes کے متعلق

**NYC Votes نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ کا ایک قدم ہے، ایک خود مختار سٹی ایجنسی جو یقینی بناتی ہے کہ مقامی انتخابات منصفانہ، شمولیتی اور کھلے ہوں۔**

ہم ووٹروں اور امیدواروں کے درمیان شرکت کو فروغ دیتے ہیں تاکہ ہمارے منتخب عہدیداران ہماری متنوع کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کریں اور وہ مسائل حل کریں جو ووٹرز کے لیے اہم ہیں۔

ہم دفتر کے لیے انتخاب لڑنے میں حائل رکاوٹوں کو کم کر کے اور اپنے انتخابی نظام کو بہتر بنانے کے لیے حل پیش کر کے، نیو یارک کے ان باشندوں کو بااختیار بنا کر یہ کام کرتے ہیں جن کے ووٹ ڈالنے کا امکان کم ہے۔ NYC Votes کمیونٹی تنظیموں، رضاکاروں اور شہر کی دیگر ایجنسیوں کے ساتھ پورے شہر میں ووٹرز کو رجسٹر کرنے، تعلیم دینے اور مشغول کرنے کے لیے شراکت دار ہے۔ ہمارا مقصد انتخابات کے کام کرنے کے طریقے اور ان کی اہمیت کی وجہ کے متعلق ایماندارانہ گفتگو کر کے نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے انتخابی عمل کی بہتر سمجھ پیدا کرنا ہے۔

1988 میں قائم شدہ، یہ ایجنسی نیو یارک کے لوگوں کو ان کے بیلٹ پر امیدواروں کے بارے میں اور ان کی مہمات کے لیے فنڈز کے حوالے سے معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہمارے میچنگ فنڈز پروگرام میں مقامی عطیہ دہندگان کی جانب سے دیئے گئے ہر 1$ پر 8$ تک سٹی کی فنڈنگ ہوتی ہے، جس سے شہر کے امیدواروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ خصوصی دلچسپیوں کے بجائے اپنی کمیونٹیز پر توجہ دیں۔

## میچنگ فنڈز پروگرام

**شہر کے امیدواروں کے لیے آپ کا تعاون اس وقت اور بھی بڑھ جاتا ہے جب آپ ان امیدواروں کی کرتے ہیں جو شہر کے میچنگ فنڈز پروگرام میں حصہ لیتے ہیں۔ حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے شہر کے رہائشیوں کی طرف سے عطیات کو 8$ سے 1$ تک میچ کیے جا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جب آپ 10$ کا تعاون کرتے ہیں، تو امیدوار کو 90$ ملتے ہیں۔**

یہ پروگرام یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ مہمات کی فنڈنگ نیو یارکر کے لوگوں کے چھوٹے عطیات سے ہو، نہ کہ خصوصی مفادات کے حاملین کی جانب سے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ وہ امیدوار جو دولت مند نہیں ہیں لیکن انہیں کمیونٹی کی مضبوط حمایت حاصل ہے، وہ انتخاب لڑنے کے متحمل ہو سکتے ہیں، جس سے ایک زیادہ متنوع اور نمائندہ حکومت بن سکتی ہے۔ نیو یارک سٹی کے 2021 کے انتخابات میں، 83% سے زیادہ مقامی امیدواروں نے کہا کہ میچنگ فنڈز ان کے عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کی اہلیت کی کلید ہیں۔

یہاں عطیہ دیں:
**contribute.nycvotes.org**

# کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

## عام امور

### عام انتخاب کیا ہے؟

عام انتخاب میں، مختلف پارٹیوں کے امیدوار ایک منتخب دفتر جیتنے کے لیے مقابلہ کرتے ہیں۔ آپ بیلٹ پر ہر دفتر کے لیے کسی بھی پارٹی لائن پر لڑنے والے کسی بھی امیدوار کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ آپ بیلٹ تجاویز پر "ہاں" یا "نہیں" کی صورت میں ووٹ بھی ڈال سکتے ہیں۔ آخری تاریخ تک رجسٹر ہونے والے تمام ووٹرز ایک عام انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہیں۔

### میں کیسے چیک کر سکتا ہوں کہ میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر شدہ ہوں؟

ملاحظہ کریں: **voterlookup.elections.ny.gov** یا NYC انتخابات بورڈ (Board of Elections) کو **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا سماعت سے محروم افراد **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

### اگر میں آخری بار ووٹ ڈالنے کے بعد نیویارک شہر میں کسی دوسری جگہ منتقل ہو گیا تھا، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ منتقل ہوتے ہیں، تو آپ کو ایک نیا ووٹر رجسٹریشن فارم جمع کر کے انتخابات بورڈ کے پاس اپنا پتہ تبدیل کرنا چاہیے۔ آپ کے پتے کی تبدیلی انتخابات بورڈ کو **23 اکتوبر** تک موصول معلوم یہ خاطر کی افراد محروم سے ہو جانی چاہیے۔ سماعت کاری عمل پر تبدیلی کی پتے کے آپ آیا کہ لیے کے کرنے **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** ہے گئی کی کریں۔ کال پر **TTY 212-487-5496** یا اگر آپ کا پتہ ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوا ہے، تو آپ اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والے بیلٹ کی درخواست کرکے اپنے نئے پتے پر تفویض کردہ پول سائٹ پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

## بذریعہ ڈاک ووٹ

### غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کی قابل قبول وجوہات کیا ہیں؟

اگر انتخاب کا دن آپ نیویارک شہر سے دور ہوں گے، کوئی بیماری یا جسمانی معذوری ہے، بیمار یا جسمانی طور پر معذور لوگوں کے لیے بنیادی دیکھ بھال فراہم کرنے والے ہیں، ویٹرنز ہیلتھ ایڈمنسٹریشن ہسپتال کے رہائشی یا مریض ہیں یا اگر آپ قید (ایک فیلونی جرم کے علاوہ کسی بھی وجہ سے) ہیں یا مقدمے کا انتظار کر رہے ہیں، تو آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کے فارم پر اپنی وجہ پر نشان لگا سکتے ہیں۔

### اگر میں غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کروں، تو کیا میں پھر بھی ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کا اہل ہوں گا؟

اگر آپ نے غائبانہ بیلٹ کی درخواست کی ہے، تو آپ کو اس کے ساتھ ووٹ دینے کا پلان بنانا چاہیے۔ پول کھلنے کے دوران آپ کسی بھی ووٹنگ سائٹ پر اپنا مکمل غیر حاضر بیلٹ چھوڑ سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کے بعد ذاتی طور پر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والے بیلٹ کے ساتھ ووٹ دینا ہوگا۔ یہ بیلٹ مختلف نظر آئے گا۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو پول ورکر کو کہیں۔

### اگر میں اپنا بیلٹ بذریعہ ڈاک بھجوا رہا ہوں، تو کیا مجھے ٹکٹ لگانے پڑیں گے؟

نہیں، آپ کو ڈاک ٹکٹ شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، یقینی بنائیں کہ جتنی جلدی ہو سکے اپنا بیلٹ واپس بھجوا دیں۔ اسے قابل قبول ہونے کے لیے انتخاب کا دن تک پوسٹ مارک اور 14 نومبر تک کاؤنٹی بورڈ کو موصول ہو جانا چاہیے۔

### کیا میں اپنا غیر حاضری کا بیلٹ اپنی پولنگ سائٹ پر جمع کروا سکتا ہوں؟

ہاں! آپ کسی بھی NYC پول سائٹ یا انتخابات بورڈ کے دفتر میں اپنا مکمل کردہ غیر حاضر بیلٹ چھوڑ سکتے ہیں۔ بیلٹ باکسز فرنٹ ڈیسک پر دستیاب ہوں گے۔ آپ کو ڈاک شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

### کیا میں اپنا بیلٹ واپس کرنے کے بعد ٹریک کر سکتا ہوں؟

ہاں! **nycabsentee.com/tracking** ملاحظہ کریں۔

### اگر میرے غیر حاضر بیلٹ کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو گیا، تو کیا ہو گا؟ کیا مجھے اسے ٹھیک کرنے کا موقع ملے گا؟

اگر آپ کے بیلٹ لفافے میں کوئی قابل تصحیح غلطی ہو، جیسا کہ غیر موجود یا غلط دستخط، تو قانون کے مطابق انتخابات بورڈ سے آپ کو مطلع کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بیلٹ میں قابل تصحیح غلطی ہے، تو وہ آپ سے بذریعہ ڈاک، ای میل اور فون (اگر دستیاب ہو) غلطی دریافت کرنے کے 1 دن کے اندر رابطہ کریں گے۔ اس کے بعد آپ کے پاس دستخط شدہ توثیق واپس کر کے غلطی کو درست کرنے کے لیے 7 کاروباری ایام کا وقت ہوگا۔

# مزید سوالات ہیں؟

urdu.nycvotes.org/faqs ملاحظہ کریں!

آپ ہمیں nycvotes@nyccfb.info پر ای میل بھی کر سکتے ہیں یا ہمیں ٹوئٹر، فیس بک یا ریڈٹ (@nycvotes) پر پیغام بھیج سکتے ہیں۔

## ووٹر گائیڈ کے متعلق

قانون کے مطابق، نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ کے لیے ضروری ہے کہ وہ سٹی کے انتخابات کے لیے نیو یارک سٹی میں رجسٹر شدہ تمام ووٹر کے گھر پر ایک ووٹر گائیڈ بھیجے۔ گائیڈ ایک میں ہسپانوی اور انگریزی کو ووٹر رجسٹرڈ ہر ہم ،کریول ہیتی ،فرانسیسی ،چینی ،بنگالی ،عربی اور ،ہیں بھیجتے شماری مردم میں اردو اور روسی ،پنجابی ،پولش ،کورین ،ہندی کے علاقوں گئے بنائے ہدف پر بنیاد کی شمار و اعداد کے ہیں۔ بھیجتے کو ووٹروں

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ ایک تازہ ترین فہرست کے لیے، **nycvotes.org/ur** آن لائن گائیڈ ملاحظہ کریں۔

نہیو یارک سٹی 2023 عام انتخاب کی ووٹر گائیڈ۔ کاپی رائٹ © 2023 بطرف نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ بیل ویدر ایجنسی کی طرف سے ڈیزائن کردہ۔ بنا میں امریکہ

## انتخابات بورڈ کے ساتھ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں

ہمیں آپ کا نام اور پتہ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ کے زیر انتظام رجسٹرڈ ووٹرز کی فہرست سے ملا ہے۔

اگر آپ کو یہ ووٹر گائیڈ ڈاک میں موصول ہوا ہے لیکن یہ آپ کے لیے نہیں ہیں یا اگر یہاں کا رہائشی شخص کہیں اور منتقل ہو گیا ہے یا فوت ہو گیا ہے، تو انتخابات بورڈ کو مطلع کریں تاکہ وہ اپنا ریکارڈ درست کر سکیں۔

## انتخابات بورڈ سے رابطہ کریں

انتخابات بورڈ ہمارے انتخابات کا انتظام کرتا ہے اور رجسٹرڈ ووٹرز کے ڈیٹا بیس کو برقرار رکھنے، پولنگ کے مقامات کی نگرانی، بیلٹ کی گنتی، اور انتخابی نتائج کی اطلاع دینے کا ذمہ دار ہے۔ آپ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ میں اپنی ووٹر رجسٹریشن اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں، غیر حاضر بیلٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، پول ورکر یا زبان کا مترجم بننے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور مزید بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

### باقاعدہ اوقات کار

پیر تا جمعہ اور انتخاب کا دن سے پہلے اور اس دن ویک اینڈ پر بھی صبح 9:00 تا شام 5:00 بجے تک۔ اوقات کار کے لیے **vote.nyc** چیک کریں۔

**VOTE-NYC-866**
(کمزور سماعت والوں کے لیے **212-487-5496** TTY)

**مزید جاننے کے لیے vote.nyc وزٹ کریں۔**

| | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| جنرل دفتر | 32-42 Broadway, 7th Floor<br>New York, NY 10004 | 212-487-5400 |
| برونکس | 1780 Grand Concourse, 5th Floor<br>Bronx, NY 10457 | 718-299-9017 |
| بروکلین | 345 Adams Street, 4th Floor<br>Brooklyn, NY 11201 | 718-797-8800 |
| مین ہٹن | 200 Varick Street, 10th Floor<br>New York, NY 10014 | 212-886-2100 |
| کوئینز | 118-35 Queens Boulevard, 11th Floor<br>Forest Hills, NY 11375 | 718-730-6730 |
| اسٹیٹن آئی لینڈ | 1 Edgewater Plaza, 4th Floor<br>Staten Island, NY 10305 | 718-876-0079 |